نقد و نظر

امداد الاحکام (جلد اوّل)

تالیف : مولانا ظفر احمد عثمانی و مولانا مفتی عبدالکریم گمتھلوی

ناشر : مکتبہ دار العلوم، کراچی ۱۴

صفحات ۴۳۷۔ قیمت ساٹھ روپے

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی مرحوم کے فتاوے کا مجموعہ "امداد الفتاویٰ" کے نام سے چھ جلدوں میں شائع ہو چکا ہے جو اصحابِ علم اور اربابِ فتویٰ میں مقبول و متداول ہے۔ زیرِ نظر فتاوے کا مجموعہ بھی جو "امداد الاحکام" کے نام سے موسوم ہے، مولانا تھانوی ہی کے فتاوے پر مشتمل ہے۔ یہ تمام فتاوے خود مولانا تھانوی کی نگرانی میں ان کے دو نیاز مند علمائے دین مولانا ظفر احمد عثمانی اور مولانا مفتی عبدالکریم گمتھلوی نے تالیف فرمائے۔ اس کتاب کو درحقیقت "امداد الفتاویٰ" کے ضمیمے کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ فتاوے کئی رجسٹروں میں تاریخ وار ترتیب سے درج تھے لیکن ان کی فقہی ابواب کے مطابق بتویب نہیں کی گئی تھی۔ نامور عالمِ دین مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مرحوم نے مختلف اہلِ علم سے اپنی نگرانی میں ان کی تبویب کرائی۔ اب مولانا تھانوی کے فتاوے کا یہ مجموعہ "امداد الاحکام" کے نام سے دو جلدوں میں مکمل ہے۔ اس کی پہلی جلد شائع ہو چکی ہے اور اس وقت پیشِ نگاہ ہے۔ دوسری جلد کتابت کے مرحلے میں ہے، ان شاء اللہ جلد ہی شائقین کے مطالعہ میں آجائے گی۔ فتاوے کے اس مجموعے کے علاوہ مولانا تھانوی کے اور بھی بہت سے فتوے غیر مطبوعہ شکل میں موجود ہیں، ان کی طباعت کی طرف بھی توجہ کرنی چاہیے۔

امداد الاحکام کی جلد اوّل کے شروع میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع مرحوم کے فرزندِ ارجمند مولانا مفتی محمد رفیع صاحب عثمانی نے ایک مقدمہ تحریر فرمایا ہے، جس میں اس مجموعے کے بارے میں ضروری تفصیلات بیان کی ہیں، نیز اس کے مؤلفینِ کرام ــــ مولانا ظفر احمد عثمانی اور مولانا مفتی

عبدالکریم گمتھلوی ــــ کے مختصر سوانح حیات لکھے ہیں اور بتایا ہے کہ مولانا تھانوی سے یہ حضرات کس قدر قریب تھے اور مولانا ان پر کتنی شفقت فرماتے تھے۔ اس مقدمے میں کتاب کی ترتیب و تصنیف کا پورا پس منظر قاری کے سامنے آجاتا ہے۔

"امداد الاحکام" ایک شاندار فقہی خدمت ہے۔ اس میں جن مسائل پر بحث کی گئی ہے، وہ یہ ہیں۔

(۱) ایمان و عقائد۔ اس سلسلے میں متعدد ضروری باتیں سوال اور جواب کی صورت میں بیان کی گئی ہیں ــــ تقلید اور اجتہاد ــــ سنت اور بدعت ــــ علم اور اس کے بارے میں بنیادی تفصیلات ــــ تفسیر ــــ حدیث اور سنت سے متعلق اہم مباحث ــــ سلوک و تصوف ذکر، دعا اور تعویذات ــــ مسائلِ طہارت ــــ نماز اور اس کے احکام و مسائل ــــ نماز جنازہ اور اس کے ضروری مسائل۔

بہرحال "امداد الاحکام" اپنے مباحث و مشمولات کے اعتبار سے ایک اہم فقہی کتاب ہے جو بہت سے فتووں کو اپنے دامنِ صفحات میں سمیٹے ہوئے ہے۔ فاضل مصنفین نے حوالوں کا باقاعدہ التزام کیا ہے۔ اس قسم کی علمی اور فقہی کتابوں کا مطالعہ معلومات میں اضافے کا موجب ہوتا ہے۔

کتابت، طباعت، کاغذ، جلد عمدہ

انتخابِ حدیث

مولانا شاہ محمد جعفر پھلواروی

یہ کتاب ان احادیث کا مجموعہ ہے جو زندگی کی اعلیٰ قدروں سے تعلق رکھتی ہیں اور جن سے فقہ کی تشکیلِ جدید میں بہت مدد مل سکتی ہے۔ ہر حدیث کی الگ سُرخی قائم کی گئی ہے اور اس کا سلیس ترجمہ بھی درج ہے۔ یہ مجموعہ حدیث کی چودہ کتابوں کا خلاصہ اور بے مثل انتخاب ہے۔

صفحات ۶۸۴ ــــ قیمت ۴۵ روپے

ملنے کا پتا:- ادارۂ ثقافتِ اسلامیہ، کلب روڈ، لاہور